624 ـ فحاشی سے توبہ

سوال

مجھے پتہ نہیں چل رہا کہ میں کیا کروں میں بہت ہی بڑے گناہ کا مرتکب ہوا ہوں مجھے یہ بھی علم ہے کہ دین اسلام میں کاہن اورنجومی کے پاس جانا اوراس کی تصدیق کرنے کا وجود ہی نہیں ، لیکن بات یہ ہے کہ میں زنا کا مرتکب ہوا ہوں اوراب توبہ کرنا چاہتا ہوں کہ اللہ تعالی میرے گناہ معاف کرتے ہوئے مجھ سے درگزر فرمائے ۔
سورۃ النور کا مطالعہ کرنےکے بعد مجھ میں اتنی سکت نہیں کہ میں کسی پاکباز عورت سےشادی کرسکوں اب آپ بتائیں کہ مجھے کیا کرنا چاہیئے ؟
میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ اللہ تعالی سے میرے لیے دعا کریں کہ اللہ تعالی میرے گناہ معاف فرماتے ہوئے جہنم کے اندر میری سزا میں تخفیف کردے ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول :

آپ اللہ تعالی کی رحمت سے ناامید نہ ہوں اوراللہ تعالی کے مندرجہ ذیل فرمان پر غورکریں :

فرمان باری تعالی ہے :

میری جانب سے کہہ دو اے میرے بندو ! جنہوں نے اپنی جانوں زیادتی کی ہے تم اللہ تعالی کی رحمت سے ناامید نہ ہوجاؤ ، یقینا اللہ تعالی سارے گناہوں کو بخش دیتا ہے ، واقعی وہ بڑی بخشش اوربڑی رحمت والا ہے الزمر (53) ۔

دوم :

آپ اخلاص کے ساتھ اللہ تعالی کے سامنے توبہ کرتے ہوئے ہراس کام سے دور رہیں جوحرام کی طرف لے جائے اورجرم کا ارتکاب کرنے کا باعث بنے اورپھر آپ نیکیاں کثرت کے ساتھ کریں کیونکہ نیکیاں کرنے سے برائیاں ختم ہو جاتی ہیں ۔

سوم :

توبہ کے بعد زنا کا جرم ختم ہوجائے گا اورپھر آپ کسی پاکباز عورت سے شادی بھی کرسکتے ہیں ۔

چہارم :

مومن کودعاکرتے وقت عالی ھمت ہونا چاہئے یہ نہیں کہ وہ صرف اللہ تعالی سے عذاب جہنم کی تخفیف کی دعا کرے بلکہ اسے چاہیے کہ وہ اللہ تعالی سے یہ دعا کرے کہ اللہ تعالی اسے جہنم سے چھٹکارا دے کر جنت عطا فرمائے ۔

بلکہ اسے اعمال صالحہ اوراپنے گناہوں سے توبہ کرنے کے ساتھ کوشش اوراللہ تعالی سے دعا کرنی چاہیے کہ اللہ تعالی اسے جنت الفردوس عطا فرمائے ۔

واللہ اعلم .